اقلیتی نسلیات سے تعلق رکھنے والی خواتین کے گروہ کے لئے معلومات

سنٹر کیا کرتا ہے ؟

ائیڈنبراہ ویمنز ریپ ائینڈ سیکشول ابیوز سنٹر - (Edinburgh Women's Rape and Sexual Abuse Centre EWRASAC) خواتین ، 12 اور اِس سے بڑی عمر کی لڑکیوں اور دیگر جنسی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے تمام افراد جن کو زندگی کے کسی بھی مرحلے میں، اُن کے اپنے ملک میں یا برطانیہ میں جنسی تشدد کا سامنہ کرنا پڑا ہُو، اُن کے لئے مدد پیش کرتے ہیں۔ یہ تجربات ہُو سکتا ہے گلی میں انجان لوگوں کے ساتھ ہُوئے ہُوں، کسی ایسے شخص سے جسے آپ جانتی ہُوں، جو آپکے یا آپکے خاوند کے خاندان سے ہُو – حتاکہ آپکا خاوند۔ ہم سمجھتے ہیں کہ کسی کو بھی، خاتون یا بچی کو کسی طرح سے بھی تکلیف پہنچانے کا حق نہیں ہے ، یا اُن کو مجبوراً ایسے کام کروانے کا جن سے وہ شرم سار یا پریشان ہُوں۔

اگر آپکو ماضی میں ایسا تجربہ ہُوا ہُو جس سے آپ کو بُرا محسوس ہُوا ہُو ، جس سے آپکو تکلیف پہنچی ہُو یا شرمندگی ہُوئی ہُو، تو آپ ہم سے اِس کے بارے میں بات کر سکتی ہیں۔یہاں خواتین ہیں جو آپکو سنیں گی اور آپکو مدد دیں گئی، اور جو ہُو چکا ہے اُس کی وجہ سے وہ آپکو جج نہیں کریں گی۔ ہماری تمام کارکن خواتین ہیں اور اگر آپکو ترجمان درکار ہُو تو ، ہم یقین دہانی کریں گی کہ ترجمان بھی خاتون ہی ہُو۔ ہماری خدمت مفت ہے۔

سنٹر پر کس قسم کی خواتین کام کرتی ہیں ؟

جو خواتین سنٹر پر کام کرتی ہیں وہ مختلف جگہوں اور تہذیبوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ تمام کارکُن نہایت ہی تربیت یافتہ ہیں اور ایک دوسرے کی عزت کرتی ہیں اور اُن خواتین کی جو ہماری خدمت کو استعمال کرتی ہیں۔

میں انگریزی نہیں بول سکتی، میں آپ سے کیسے رابطہ کر سکتی ہُوں اور کیا میں کسی سے بات کر سکوں گی جو میری زبان بولتی ہُو ؟

ہمارے ساتھ پہلا رابطہ انگریزی میں ہُونا لازمی ہے ۔ اگر آپ ہمارے ساتھ ملاقات متعین کرنا چاہتی ہیں اور آپ انگریزی نہیں بول سکتی ، آپ ایک بہ اعتماد دوست ، یا کسی دوسرے ادارے کا کارکن، جیسے کہ ہیلتھ ورکر یا ڈاکٹر سے کہہ کر ہم سے رابطہ کر سکتی ہیں۔

پھر ہم خاتون ترجمان کے ساتھ آپ سے ملنے کے لئے ملاقات کا بندوبست کریں گے۔ ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہُو گی کہ آپ کونسی زبان بولنے کو ترجیح دیں گی۔ہم اِس پر آپ کی صلاح لیں گی اور ملاقات کے بندوبست پر ہمیشہ آپ کا پورہ اختیار ہُو گا۔ ترجمان بھی یہ سمجھتی ہیں کہ اُن کو یقین دہانی کرنی ہُوتی ہے کہ آپکے اور آپکی سپورٹ ورکر کے درمیان جو بھی گفتگو ہُوتی ہے وہ سپورٹ روم سے باہر کسی سے نہیں بانٹتی۔ آپ اپنی ملاقات پر کسی کو اپنے ساتھ لا سکتی ہیں اور وہ ہمارے انتظار والے علاقے میں بیٹھ کر انتظار کر سکتی ہیں۔

اگر انگریزی آپکی مادری زبان نہیں ہے اور آپ کسی سے فون پر بات کرنا چاہتی ہیں ، تو آپ ریپ کرائیسس سکاٹلینڈ (Rape Crisis Scotland) ہیلپ لائن والوں کو فون کریں ، وہ آپکے لئے ٹیلیفوں ترجمان کا انتظام کریں گے۔ اُن کی مفت امدادی لائن ہر روز شام چھ بجے سے لے کر رات بارہ بجے تک کھلی رہتی ہے :
08088 01 03 02

مجھے ڈر ہے کہ ہُو سکتا ہے کہ ترجمان میری ہی کمیونٹی میں سے ہُو

ہم صرف تربیت یافتہ، پیشہ ور خواتین ترجمان استعمال کرتے ہیں۔ اگر وہ آپکی کمیونٹی میں رہتی بھی ہُوئی تو وہ اپنی پیشہ وارانہ رازداری کے عہدنامے اور ہمارے رازداری کے عہد نامے پر پابند ہُوتی ہیں۔ ہم کبھی بھی گھر کے افراد یا دوستوں کو ترجمے کے لئے استعمال نہیں کرتے۔ترجمان کا خرچہ آپ پر نہیں آئے گا۔

جو کچھ میں کہوں گی کیا وہ رازداری میں رہے گا ؟

جو کچھ بھی آپ ہمیں بتائیں گی وہ رازداری میں ہے۔ بہت کم ایسا ہُوتا ہے کہ کوئی خاتون ہمیں کسی بچے یا غیر محفوظ شخص کے بارے میں بتاتی ہے جس کو تکلیف پہنچائی جا رہی ہُوتی ہے اور یہ ہماری ذمہ داری بن جاتی ہے کہ ہم اُس معلومات کو متعلقہ ادارے کے حوالے کر دیں۔اِس سے پہلے کہ ہم ایسا کریں ہم اِس کے بارے میں آپ سے مکمل طور پر گفتگو کریں گے۔

جب میں آپکے سنٹر میں ہُوں گی اور اپنی کمیونٹی سے اگر کسی اور عورت کو وہاں دیکھا تو ؟
جب آپ ہمارے آفس میں مدد کے لئے آئیں گئی تو ہم اِس چیز کی ضمانت نہیں دے سکئیں گے کہ آپ کسی ایسی عورت کو نہیں دیکھیں گی جسے آپ جانتی ہُوں یا کوئی ایسا شخص جو آپکی کمیونٹی میں رہتا ہُو۔ زنا بالجبر اور جنسی حملے ہُونا ایسی چیز ہے جو ہر تہذیب اور کمیونٹی میں سانجھی ہے اور ہم بھروسہ کرتے ہیں کہ خواتین ہمارے سنٹر میں جو بھی دیکھیں یا سنیں گئی اُسے رازداری میں رکھیں گی۔

مجھے اکیلے میں شہر آنے کی اجازت نہیں ہُو گی۔ کیا میں اپنے علاقے میں کسی کو مل سکتی ہُوں ؟
جی ہاں۔ سپورٹ ورکر اور ترجمان آپ کے علاقے میں جہاں آپ محفوظ محسوس کریں آپ سے ملنے آ سکتی ہیں۔ یہ کمیونٹی سنٹر ہُو سکتا ہے ، کوئی ہیلتھ سنٹر یا کہیں بھی جہاں آپ آرام دہ محسوس کریں۔ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ جب ہم مقررا جگہ پر پہنچیں گے تو ہم آپ سے ملنے کی وجہ نہیں بتایں گے۔

مجھے ڈر ہے کہ اگر میرے گھر والوں کو پتہ چل گیا کہ میرے ساتھ کیا ہُوا تھا تو اُن کو شرمندگی یا بےعزتی محسوس ہُو سکتی ہے ۔
ہم آپکی مدد کر سکتے ہیں آپکے گھر والوں کے ڈر کے بارے میں بات کرنے میں، اور ہم آپکو یقین دلاتے ہیں کہ جو کچھ بھی آپ ہمیں بتائیں گی وہ ہماری پالیسیوں کے مطابق رازداری میں رہے گا۔ اگر آپ محسوس کرتی ہیں کہ آپ خطرے میں ہیں ہم آپکو دوسرے اداروں کے بارے میں معلومات دے سکتے ہیں جو کہ آپکی مدد کر سکتے ہیں اور آپکو محفوظ رہنے کےلئے مشورہ دے سکئیں گے۔

میرا خاوند مجھ سے ایسے کام کرواتا ہے جن سے میں ڈرتی بھی ہُوں اور مجھے تکلیف بھی ہُوتی ہے ۔ میں کیا کر سکتی ہُوں ؟
آپ کے خاوند کے پاس کوئی حق نہیں کہ وہ آپ کو ڈرائے ، تکلیف دے یا آپ سے کوئی ایسا کام کروائے جو آپ نہ کرنا چاہتی ہُوں۔ اگر آپکی فیملی میں سے کوئی یا اُس کی فیملی میں سے آپ کو تکلیف پہنچائے یا آپ سے ایسا کچھ کروائے جس سے آپکو شرمندگی ہُو یا آپ کو بُرا محسوس کرائے ، آپ ہم سے رابطہ کر سکتی ہیں اور ہم آپ کی مدد کرنے کی کوشش کریں گے۔ کبھی کبھار خواتین کو ناکارہ محسوس کرایا جاتا ہے اور ذلیل کیا جاتا ہے اُن کے جہیز کی وجہ سے ، یا فیملی میں دوسرے مردوں کے ہاتھوں تکلیف اور شرمندگی پہنچائی جاتی ہے۔ اگر ایسا آپ کے ساتھ ہُو رہا ہے تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں ،جیسے کہ بات کریں کہ کیا ہُو رہا ہے اور آپکو معلومات دے سکتے ہیں دوسرے اداروں کی جوکہ محفوظ رہنے میں آپکی مدد کر سکیں گے۔

میں اِس ملک میں قانونی طور پر نہیں رہ رہی ۔ کیا آپ میری مدد کریں گئی ؟
بے شک آپ یُوکے میں قانونی طور پر نہیں رہ رہی ، آپ کے پاس حق ہے کہ آپ محفوظ اور تکلیف سے بچی رہیں۔ اگر آپ کو دُھوکے سے یہاں لایا گیا ہے اور اب آپ جسم فروشی کے کاروبار میں ملوث ہُو گئی ہیں، یا تحریری قرض لیا ہے ۔ ہم آپکو خواتین کے لئے دوسرے پروجیکٹ کی طرف نامزد کر سکتے ہیں۔ وہ آپکی مدد کریں گے اور آپ کو محفوظ مقام تک پہنچائیں گے۔ اگر آپ گھر جانا چائیں ، ہم ہُو سکتا ہے کہ آپکو کسی سے ملوائیں جو کہ آپکی مدد کر سکے۔

مجھے اِس ملک میں آئے صرف ایک برس ہُوا ہے۔ کیا میرے کوئی حقوق ہیں ؟
اگر آپ اِس ملک میں آئی ہیں کہ اپنے خاوند سے شادی کریں گی، تو ہُو سکتا ہے آپکے اُوپر "دو سالہ قانون" لاگو ہُو۔ جس کا مطلب ہے کہ آپ حکومتی مالی امداد کے لئے نہیں کہہ سکتی، جیسے کہ انکم سپورٹ، یا گھر کے لئے مالی مدد۔ ہماری سروس مفت ہے اور ہم آپکو دوسرے اداروں کے بارے میں معلومات دے سکیں گے جو آپکو آپکے حقوق پر مشوراہ دے سکیں گے اور ہُو سکتا ہے کہ آپکو محفوظ جگہ بھی دلا سکیں۔

بہت عرصہ پہلے میرے ساتھ کچھ ہُوا تھا ۔ مجھے اب بھی خیالات آتے ہیں جن سے میں ڈر اور گھبرا جاتی ہُوں۔ کیا میں سنٹر سے مدد حاصل کر سکتی ہُوں ؟
اگر آپ کے ساتھ کچھ ہُوا تھا جب آپ بچی تھی جس سے آپ کو تکلیف محسوس ہُوئی تھی ، بے عزتی اور پرِشانی ہُوئی تھی تو آپ ہم سے بات کر سکتی ہیں۔ ہُو سکتا ہے کہ آپ نے پہلے کسی سے بات نہ کی ہُو۔ ہُو سکتا ہے کسی وجہ سے یہ آپ کے دماغ پر سوار ہُو گیا ہَو اور اب آپ اِس کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہیں ۔ ہم آپکی

مدد کر سکتے ہیں اور ہم آپکا یقین کریں گے اور جو کچھ ہُوا اُس کی وجہ سے ہم آپ کے بارے میں کوئی رائے نہیں قائم کریں گے۔

میری کمیونٹی میں ایک آدمی نے میرے ساتھ زنا بالجبر کیا تھا اور وہ کہتا ہے کہ وہ سب کو بتا دے گا کہ میں کس قسم کی عورت ہُوں۔ مجھے ڈر ہے کہ مجھے سزا ملے گی۔

بہت سی خواتین تمام کمیونٹیز میں ہمیں بتاتی ہیں کہ وہ جن آدمیوں کو جانتی ہیں اُن کے ہاتھوں جنسی تشدد کا شکار ہُوئی ہیں۔ اکثر اُن کو ڈر ہُوتا ہے کہ سب کو پتہ چل جائے گا اور اُن کو سرے عام شرمندہ کیا جائے گا۔ آپ اِس کے بارے میں ہم سے بات کر سکتی ہیں اور ہم آپکی مدد کریں گے۔

اپنے ملک میں فوجیوں نے میرے ساتھ زنا بالجبر کیا تھا ۔ میں کیا کر سکتی ہُوں ؟

آپ کی عصمت رد جن آدمیوں نے کی اُن کے خلاف تو شائد آپ مقدمہ نہ چلا سکیں ۔ اگر آپ فلحال یُو کے میں اسائلم کی خواہش مند ہیں تو آپ اپنے وکیل کو ، جو آپ کا کیس لڑ رہا ہے اُسے بتا دیں کہ یہ آپ کے ساتھ ہُوا تھا ۔ ہُو سکتا ہے کہ ہمارے کارکن اِس میں آپ کی مدد کر سکیں۔

میری بیٹی کے ساتھ بھی زنا بالجبر کیا گیا تھا ۔ وہ کہاں سے مدد حاصل کر سکتی ہے ؟

ہم لڑکیوں کو، جو بارہ برس سے بڑی ہُوتی ہیں، جن کو اپنے ملک میں یا یو کے میں جنسی تشدد کا سامنہ کرنا پڑا ہُو، اُن کو مدد کی پیشکش کرتے ہیں،

حال ہی میں میرے ساتھ زنا بالجبر ہُوا ہے لیکن مجھے پولیس کو بتاتے ڈر لگتا ہے۔

اگر آپ نہیں چاہتیں تو آپکا پولیس کو بتانا ضروری نہیں ہے۔ اگر آپکی حال ہی میں عصمت رد کی گئی ہے یا جنسی حملہ کیا گیا ہے تو ضروری ہے کہ جسمانی چوٹوں کا علاج کروانے کے بارے میں سوچیں ، بشمول حاملا ہُونے کے امکانات اور جنسی طور پر پھیلنے والی بیماریاں (HIV شامل ہے) ۔ جتنی مدد اور سہارا آپکو اب دیا جائے گا ، اِس سے آپ کو جو بنیادی دھکا پہنچا ہےاور زندگی میں خلل آیا ہے اِس سے آپ نپٹ سکیں گی۔ ہم اِن مسائل پر آپ سے گفتگو کریں گے اور اگر آپ چاہیں گی تو ہم آپ کے ساتھ مقرر شُدہ ملاقاتوں پر بھی ساتھ جا سکتے ہیں ۔

اگر پچھلے سات سالوں میں آپکے ساتھ زنا بالجبر کیا گیا ہے تو آپ گلاسگو میں آرچ وے (Archway) والوں کو فون کر سکتی ہیں۔ جہاں آپکا چیک اپ کیا جائے گا عدالتی ثبوت کے لئے ، اگر آپ اپنا خیال بدل لیں اور بعد میں پولیس کو بتانا چائیں تو آپ عورت ڈاکٹر اور نرس سے مل سکتی ہیں۔ آپ کو از وقت اُن سے رابطہ کرنا ہُوگا ملاقات تعین کرنے کے لئے **0141 211 8175** نمبر پر ۔ وہ چوبیس گھنٹے کھلے رہتے ہیں، سال کے 365 دن۔ جو کوئی انگریزی بول سکتا ہُو اُس سے اپوائنٹمنٹ بنانا ہُو گی۔ آرچ وے پر آپ خاتون سپورٹ ورکر سے مل سکتی ہیں۔ وہ آپکی بات سنیں گی اگر آپ کے ساتھ جو ہُوا اُس کے بارے میں آپ بات کرنا چاہیں تو۔اگر آپ انگریزی نہیں بول سکتی تو آرچ وے ڈاکٹر اِس چیز کی یقین دہانی کرئے گا کہ آپ کے پاس ترجمان موجود ہُو۔ آپکے ساتھ جو ہُو چکا ہے اُس کی بنیاد پر وہ آپ کے بارے میں رائے نہیں قائم کریں گے۔ اور ہمیشہ آپ کے ساتھ عزت سے پیش آئیں گے۔

اگر آپ پولیس میں رپورٹ کرنے کا فیصلہ کرتی ہیں تو:

- جتنا جلد آپ سے ممکن ہُو سکے پولیس کو فون کریں (تاخیر آپ کے کیس کے خلاف جا سکتی ہے)
- کوشش کریں کہ شاور، باتھ نہ لیں یا دانت نہ صاف کریں ۔ بے شک یہ آپکا پہلا فطری عمل ہُو
- اگر ممکن ہُو سکے تو کسی کو فون کریں جس پر آپ کو بھروسہ ہُو اور دیکھیں اگر وہ آپ کا ساتھ دے سکتے ہُوں ۔
- اپنے کپڑے نہ بدلیں۔ اگر بدلیں تو ، تمام کپڑے جو آپ نے پہن رکھے تھے اُن کو پلاسٹک بیگ میں ڈال دیں اور کہیں محفوظ رکھ دیں۔
- کھانے اور پینے سے گریز کریں ، خاص طور پر شراب
- اپنے بالوں میں کنگی نہ کریں
- جبتک آپکا معائنہ نہیں ہُو جاتا کوشش کریں کہ بیت الخلا نہ جائیں
- اگر عصمت رد کرنے والے نے کنڈم استعمال کیا تھا تو اُسے پھینکیں نہیں۔

اگر آپ چاہیں تو اب بھی آپ بعد میں رپورٹ کرا سکتی ہیں۔ اگر آپ نے مندرجہ بالا میں سے کچھ نہیں کیا۔ آپ اپنے مقامی تھانے میں رپورٹ کروا سکتی ہیں ، یا آپ آئمیتھسٹ ٹیم (پہلے یہ فیملی پروٹیکشن یونٹ کے نام سے جانی جاتی تھی) (Family Protection Unit) گئیل میں مقیم ہے **0131 316 6600** پر

دیگر معلوماتی دستی اشتہار دست :

مختلف زبانوں میں ہماری ویب سائٹ پر ہمارے پاس متعدد معلوماتی دستی اشتہارات دستیاب ہیں:
www.ewrasac.org.uk ۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپکو کاپیاں ارسال کریں تو برائے مہربانی **0131 556 9437** پر فون کریں یا support@ewrasac.org.uk پر ای میل کریں۔ ہم بغیر نشان کے لفافے میں آپکو ارسال کر دیں گے۔ اگر آپکو بڑے حروف میں معلومات درکار ہُو تو ہم آپکے لئے اس کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔

- (EWRASAC) کی امدادی خدمات پر معلومت
- فیملی کے لئے ، دستوں اور ساتھیوں کے لئے معلومات
- گزرے واقعات کے تصور کے بارے میں
- ہیبت ناک احساسات کے بارے میں
- خود کو نقصان پہنچانے کے بارے میں
- ایسٹ لودھین سیکشول ابیوز سروس (East Lothian Sexual Abuse Service – ELSAS)
- دی سٹار پروجیکٹ – ایئڈنبراہ میں بارہ سے اٹھارہ برس کی جنسی تشدد سے پس ماندہ لڑکیوں کے لئے سہارے

ایئڈنبراہ ویمنز ریپ اینڈ سیکشول ابیوز سینٹر
Edinburgh Women's Rape and Sexual Abuse Centre
1 Leopold Place, Edinburgh, EH7 5JW
ہیلپ لائن: 0131 556 9437
www.ewrasac.org.uk
ریجسٹرڈ چیرٹی حوالہ۔ SC 006208

نومبر 2010